27006 ـ فطرانہ کسے ادا کیا جائے

سوال

مارکیٹوں میں کچھ لوگ فطرانہ مانگتے پھرتے ہیں لیکن ہمیں معلوم نہیں کہ آیا یہ دین والے ہي یا نہیں، اور کچھ دوسرے بھی ہیں جن کی حالت تو اچھی ہے جو ان کے پاس فطرانہ لائے وہ اسے اپنی اولاد پر خرچ کر لیتے ہیں، اور کچھ تنخواہ لیتے ہیں لیکن وہ دین میں کمزور ہیں کیا ایسے لوگوں کو فطرانہ دینا جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فطرانہ فقراء اور مساکین مسلمانوں کو دیا جائیگا چاہے وہ معصیت کے مرتکب بھی ہوں لیکن ایسی معصیت ہو جو انہیں اسلام سے خارج نہ کرتی ہو، کیونکہ معتبر تو فقر ہے اور یہ اس کی ظاہری حالت سے لي جائیگی، چاہے وہ باطنی طور پر غنی و مالدار ہی ہو.

فطرانہ دینے والے کو چاہیے کہ وہ حسب استطاعت اچھے فقراء تلاش کرنے کی کوشش کرے، اور اگر فطرانہ لینے کے بعد یہ ظاہر ہو جائے کہ وہ تو غنی اور مالدار تھا تو یہ نقصاندہ نہیں بلکہ یہ کفائت کر جائیگا.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.